وزیراعظم کی کمیشن رپورٹ پیش کرتے وقت تعاریفی تقریر

وزیراعظم دفتر، 14 اپریل 2021 کو پریس کانفرنس میں کورونا انفیکشن کی رپورٹ کی پیشگی میں وزیر اعظم ایرنا سولبرگ کا تعاریفی بیانیہ۔

تمام عزیزانِ کرام

سب سے پہلے میں اس رپورٹ اور اس کی کوششوں کے لیے کمیشن کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ میں سیکریٹیریٹ کا بھی ان کے کام کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔

یہ ایک محنت طلب کام رہا ہے، جہاں مسائل میں پیچیدگیاں زیادہ اورانھیں حل کرنے کا وقت بہت کم تھا۔ کرونا کی عالمی وباء کی وجہ سے ناروئجن معاشرے کے تمام حصوں پر کافی گہرے نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ اس لحاظ سے، یہ کسی بھی دوسرے بحرانوں سے بہت مختلف ہے۔

12مارچ کو ہم نے ناروے کے پر امن فضا میں سب سے سخت ترین اقدامات متعارف کروائے ہیں۔ ہمیں بے یقینی کے باوجود بڑے فیصلے کرنے پڑے۔ ہم نے زندگی اور صحت کو مقدم رکھا اور مل کر وائرس کو کم کرنے اور اس کے پھیلاو پر قابو پانے میں کامیاب ہوئے۔

ہنگامی تیاری کے تمام کاموں میں یہ ایک اہم اصول ہے کہ تمام واقعات کا جائزہ لیا جانا چاہیئے۔تمام مشقوں کی پیروی کی جانی چاہیئے تاکہ دیکھا جاسکے ہم سیکھ سکتے ہیں۔ اس طرح ہم تیاری کو ترقی دے سکتے ہیں اور ناروے کی سلامتی کو مستحکم کر سکتے ہیں۔ ایسا کرنا صنعتوں اور حکومت دونوں پر فرض ہے۔ اگرچہ ناروے نے انفیکشن اور معاشیات کے لحاظ سے بہت سے ممالک سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، اس کی جانچ اور اس میں بہتری لانا بے حد ضروری ہے۔کیوں کہ اس سے پہلے ہمیں اتنا عرصہ جاری رہنے والے جامع حالات کا تجربہ نہیں ہوا۔

اپریل 2020 میں حکومت نے ایک خودمختار کمیشن قائم کیا۔یہ ہم نے ایک مکمل اور جامع جائزہ لینے کے لیے کیا اور حکومت کی طرف سے کورونا کی عالمی وباء سے نبردآزمائی کا تجزیہ کرنے کےلیے کیا۔ کمیشن نے عالمی وباء سے قبل کی گئی تیاریوں اور بحران سے کیسے نمٹا گیا کا جائزہ لینا تھا۔

کیا اچھا ہوا اور کیا بہتر ہو سکتا تھا؟ اگلی دفعہ ہم کیا مختلف کر سکتے ہیں؟ ہمیں اس بحران سے سبق سیکھنا ہے جس کے بیچ ہم پھنس چکے ہیں، تاکہ ہم آنے والے وقت کے لیے بہتر تیاری کر سکیں۔ کیونکہ ہم ابھی بھی عالمی وباء کے چنگل میں ہیں، اس لیے کمیشن کو موقع نہیں مل سکا کے حکام کی وباء سے نمٹنے کے تمام پہلووں کا جائزہ لیے سکیں۔ لہذا، حکومت چاہتی ہے کہ کمیشن اس وقت تک اپنا کام جاری رکھے جب تک عالمی وباء ختم نا ہو جائے۔ مجھے خوشی ہے کہ تقریبا تمام ممبروں نے اپنے عہدوں پر کام جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ تسلسل کے لیے بہت اہم ہے۔اب کرونا کمیشن کی رپورٹ سماعت کے لیے بھیجی جا رہی ہے، جس کی مدتِ میعاد گرمیوں سے پہلے کاروائی ممکن بناتی ہے۔میں چاہتی ہوں کہ اسٹور ٹھینگ آئندہ ہفتوں میں مجھے اس رپورٹ پر بیانیہ جاری کرنے دیں۔ کمیشن کی حتمی رپورٹ پیش کرنے کے بعد، حکومت کمیشن کے کام کی پیروی کرنے کے بارے میں اسٹورٹھینگ کو اطلاح بھیجے گی۔

ایک بار پھر، میں اس اہم کام کے لیے کمیشن کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ایسا کام جو مستقبل میں اہم مباحثوں کی بنیاد فراہم کرے گا، اور ہم ہنگامی صورتحال کی بہتر تیاری اور بحران سے نبردآزما ہونے میں مددگارثابت ہوگا۔ اب اصل میں مجھے آپ کو آپکی کوششوں کے لیے شکریہ کے ساتھ پھول پیش کرنا چاہیے۔ لیکن کیونکہ ابھی ہم عالمی وباء سے دوچار ہیں، اس لیے آپ اور کمیشن کے باقی ممبران کو انفیکشن کنٹرول کی پیشہ ور محفوظ طریقے سے پھول دیے جایئں گے۔ تو چلیں اب آپ کو معلوم ہے۔ اس کے ساتھ ہی میں کمیشن کے سربراہ اسٹینر کوئنسلاند کو دعوت دیتی ہوں۔